معذور بچوں کی تعلیم وتربیت پاک بھارت میں آج بھی بہت سے ایسے بچے حصول تعلیم سے محروم ہیں جن کا کسی بھی پیدائشی معذوری کی وجہ سے دنیا کے ساتھ چلنا ناممکن ہو جاتا ہے۔ اس ادارے کی پالیسی میں ایسے تمام بچوں کو سپورٹ فراہم کرنے کے علاوہ ان کو نئی زندگی دینے کے ساتھ ساتھ ان کے ساتھ ہونے والی ہر قسم کی زیادتی اور تشدد کے خلاف کام کرنا تھا۔

بزرگوں کی دیکھ بھال پاک بھارت میں رہنے والے ہزاروں عمر رسیدہ افراد کو اپنی زندگی کے آخری ایام بے سہارا ہونے کی وجہ سے یا اچانک خاندان کے کفیل کی موت ہونے کے باعث بغیر علاج اور انتہائی تنگدستی میں گزارنے پڑتے ہیں۔ اس ادارے کی پالیسی میں ایسے تمام بزرگوں کو ہر قسم کی مدد کے علاوہ اشیاء خورد ونوش کی فراہمی، طبی سہولیات اور رہنمائی فراہم کرنا تھا۔

امن مشن گاڑی کے ذریعے فلاحی اداروں کی مدد وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مجھے یہ احساس بہت جلد ہو گیا کہ ذاتی مصروفیات کی وجہ سے Star Malik Peace Centre کی ذمہ داری سنبھالنا میرے لئے بہت مشکل ہوگا لہٰذا میں نے فیصلہ کیا ہے کہ اس امن مشن گاڑی کی نیلامی سے ملنے والی رقم کا آدھا حصہ پاکستانی اور آدھا حصہ بھارتی سفارتخانوں کو چیک کی صورت میں دیا جائے گا تا کہ وہ اپنے اپنے ملکوں کی اُن ویلفیئر آرگنائزیشنز کو یہ پیسہ دے سکیں جو انسانی خدمت کیلئے کوشاں ہیں۔ جبکہ یہ تمام تقریب میڈیا یا نمائندگان اور "Celebrities" کی موجودگی میں ہوگی تا کہ میری ذات پر ایک روپے کی بھی ہیرا پھیری کا الزام نہ لگے۔

کچھ اپنے بارے میں

چاہنے والوں کی طرف سے دیئے گئے نام	سٹار ملک ، چاکلیٹ مین
تاریخ پیدائش	23 اگست (بروز عید)
جائے پیدائش	کویت
قد	5 فٹ 9 انچ
ازدواجی حیثیت	غیر شادی شدہ
ابھی تک شادی نہ کرنے کی وجہ	امریکہ میں مقیم ایک پاکستانی دوشیزہ کی محبت میں ناکامی ہے
پسندیدہ لباس	جینز
پسندیدہ رنگ	نیلا
پسندیدہ کھانا	حلیم، بریانی، مچھلی، میکسیکن کھانے
پسندیدہ کھیل	کرکٹ
پسندیدہ ڈرامہ سیریل و پسندیدہ فلم	دھواں (پاکستان)، خاکی (بھارت)
پسندیدہ گانے	ہے جذبہ جنوں تو ہمت نہ ہار (علی عظمت) نظر سے نظر ملے (راحت فتح علی خان) بھیڑ میں تنہائی میں (ادت نارائن)
پاکستان میں آبائی تعلق/تعلیم	راولپنڈی۔ اسلام آباد
مشاغل	میوزک سننا، بالی ووڈ فلمز دیکھنا
پسند	ایمانداری